لیسٹر میں کورونا وائرس

لیسٹر میں کورونا وائرس (Covid-19) کے لیے کیے جانے والے ٹیسٹ کے مثبت نتائج دکھانے والے لوگوں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے۔

ہم سب کو کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے اور اپنی کمیونٹی اور این ایچ ایس کے تحفظ کے لیے لازمی طور پر عمل کرنا چاہیے۔

اپنے آپ کو اور دوسروں کو محفوظ رکھنے کے لیے برائے مہربانی۔۔۔

جتنا زیادہ سے زیادہ ممکن ہو اُتنا گھر پر رہیں، صرف کام یا انتہائی ضروری کاموں (مثلاً خوراک کی خریداری، دوسروں کی دیکھ بھال) کے لیے گھر سے نکلیں۔

اپنے گھر سے باہر تمام اوقات میں لوگوں سے 2 میٹر دور رہیں

اپنے ہاتھوں کو باقاعدگی سے کم از کم 20 سیکنڈ کے لیے دھوئیں یا ہینڈ سینیٹائزر (ہاتھوں کو جراثیم وغیرہ سے پاک کرنے والا کیمیائی مادہ) استعمال کریں

جب پبلک ٹرانسپورٹ پر یا کسی بھی محدود عوامی جگہ پر ہوں جس میں کام کی جگہ بھی شامل ہے تو ہمیشہ چہرے کو ڈھانپیں

leicester.gov.uk/coronavirus پر دی گئی کورونا وائرس سے متعلقہ معلومات سے اپنے آپ کو باخبر رکھیں

اپنا ٹیسٹ کروائیں

اگر آپ میں کورونا وائرس کی علامات پائی جاتی ہیں یا آپ کسی ایسے شخص کے ساتھ قریبی رابطے میں رہے ہیں جس میں کورونا وائرس کی علامات پائی جاتی ہیں تو برائے مہربانی جتنی جلد ممکن ہو اپنا ٹیسٹ کروائیں۔

یاد رکھیں کے کورونا وائرس کی اہم علامات مندرجہ ذیل ہیں:

- بلند درجہ حرارت
- نئی مسلسل کھانسی
- سونگھنے کی حس میں خرابی
- چکھنے کی حس میں خرابی

اپنا ٹیسٹ بک کریں:

آن لائن nhs.uk/ask-for-a-coronavirus-test پر

119 پر ٹیلیفون کریں

اگر کورونا وائرس کے لیے آپ کے ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آتا ہے تو آپ کو لازمی طور پر کم از کم 7 دن کے لیے گھر پر ہی رہنا چاہیے اور آپ جن لوگوں کے ساتھ رہتے ہیں اُنھیں 14 دن کے لیے گھر پر رہنا چاہیے۔